© rasailojaraid.com

ادارہ



# تعارف تبصرہ کتب

نام کتاب: دروس مسلم فی تقریر مقدمہ مسلم افادات: شیخ الحدیث مولانا مغفور اللہ صاحب مدظلہ

ترتیب وتحقیق: مولانا فضل غفور حقانی ضخامت: ۳۵۰ صفحات

ناشر: مؤتمر المصنفین دار العلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک

کتب صحاح میں صحیح مسلم کا مقام اہل علم سے مخفی نہیں۔ ہر عصر اور ہر دور میں قدیماً وحدیثاً علماء نے اس کو مکمل توجہ دی اور تا ہنوز کئی شروح اس کی منصۂ شہود پر آئی ہیں اور یہ سلسلہ انشاء اللہ جاری وساری رہیگا۔ صحیح مسلم کی دوسری کتب صحاح کے مقابلہ میں امتیازی خصوصیت یہ ہے کہ اس کی ابتداء میں معرکۃ الآراء مقدمہ ہے۔ یہ مقدمہ بذات خود ایک مستقل کتاب ہے۔ جو کہ ادق اور انتہائی تحقیق طلب مباحث پر مشتمل ہے یہی وجہ ہے کہ اس مقدمہ پر بھی مستقلاً تصانیف موجود ہیں۔

جامعہ دار العلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک کے اُستاذ حدیث جامع المعقول والمعقول حضرت مولانا مغفور اللہ صاحب مدظلہ عرصہ دراز سے یہ اہم کتاب پڑھا رہے ہیں۔ آپ کا انداز تدریس انتہائی محققانہ اور منطقی طرز پر ہوتا ہے بحث کے کسی بھی گوشہ کو تشنہ تحقیق نہیں چھوڑتے۔ تقریر کے دوران اگر منطقی مسئلہ زیر بحث آیا یا کلامی اور اسی طرح فقہی جزیہ کے متعلق اشارہ آیا۔ تو مقام کی مناسبت سے اس کی ایسی دلنشین انداز میں توضیح فرماتے ہیں کہ زبان سے بے ساختہ ماشاء اللہ اور داد وتحسین کے فقرے نکل جاتے ہیں۔ جس پر شاہد عدل زیر تبصرۃ کتاب ''دروس مسلم'' ہے۔ جس کو انتہائی محنت اور عرق ریزی کے ساتھ آپ کے صاحبزادے مولانا فضل غفور نے کیسٹوں کی مدد سے منضبط کی ہے۔ طالبان علم حدیث کیلئے یہ ایک انمول تحفہ ہے بالخصوص شرکاء دورۂ حدیث کیلئے اس کتاب کا مطالعہ از حد ضروری ہے۔

تحقیق وتدقیق کی حسین اور دلفریب جھلک زیر تبصرہ کتاب کے ہر سطر سے نمایاں ہے۔ حدیث اور مباحث اصول حدیث کے علاوہ یہ کتاب بعض ایسے علمی نکات اور نایاب فوائد پر مشتمل ہے۔ جو کہ بیسوں کتابوں کے مطالعہ سے حاصل نہیں ہو سکتے۔ امید ہے شائقین علم حدیث اس بہترین کتاب کی طرف توجہ دیں گے اور اس کے ساتھ یہ بات بھی باعث فرح وانبساط ہے کہ آپ کی تقریر صحیح مسلم ومشکوٰۃ شریف پر کام جاری ہے اور انشاء اللہ بہت جلد یہ شرح بھی علمی حلقوں کیلئے حرز جان ہوگی۔

© rasailojaraid.com